سندھ آرڈیننس XLVIII مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XLVIII OF 1984

سندھ لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول II کی ترمیم

Amendment of Schedule II to Sindh Ordinance XII of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول III کی ترمیم

Amendment of Schedule III to Sindh Ordinance XII of 1979

سندھ آرڈیننس XLVIII مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XLVIII OF 1984

سندھ لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۲۰ نومبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے توسط سے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس،۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پروویزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ لوکل گورنمنٹ (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول II کی ترمیم Amendment of Schedule II to Sindh Ordinance XII of 1979	(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔ ۲۔ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کے شیڈول II میں، عنوان "آپشنل فنکشن" کے نیچے: (a) پیراگراف ۳۲ میں، شق (c) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی: "(d) مساجد کے لیئے زمین کی نشاندہی، جہاں ضروری ہو۔"؛ (b) پیراگراف ۳٦ کے ذیلی پیراگراف (۳) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا: "بشرطیکہ اس پیراگراف کے تحت کوئی بھی قدم نہیں اٹھایا جائے گا، جب تک متاثر شخص کو سننے کا موقعہ نہیں فراہم کیا جاتا۔"۔ (c) پیراگراف ۶۱ میں، شق (d) کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی شق شامل کی جائے گی: "(dd) مذہبی تعلیم کی فراہمی اور ترقی؛"؛
۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول III کی ترمیم Amendment of	(d) پیراگراف ٦۹ میں، شق (d) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی: "مساجد کی تعمیر اور مرمت کرانا۔"۔

Schedule III to Sindh Ordinance XII of 1979	۳۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول III میں، عنوان "آپشنل فنکشن" کے نیچے: (a) پیراگراف ۸ کے بعد، مندرجہ ذیل نیا پیراگراف شامل کیا جائے گا: "8-A۔ مذہبی تعلیم کی فراہمی اور ترقی۔"؛ (b) پیراگراف ۷۰ کے بعد، مندرجہ ذیل نیا پیراگراف شامل کیا جائے گا: "۷۱۔ مساجد کی تعمیر اور مرمت۔"۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**